# ISLAMIC MASUMEEN SCHOOL

Of New England

115 Wood St, Hopkinton, MA



# ISLAMIC STUDIES LEVEL 6

## URDU

Enrolled student loaner copy

# تتلی
# اردو



EAST
EDUCATIONAL ASSESSMENT, SYSTEM & TRAINING

Butterfly

# تتلی
## اور دوست

اردو سلسلہ سال اوّل

میں بھی اب تتلی کے دوستوں میں شامل ہوں

میرا نام ______________________ ہے۔

میں __________ کلاس میں پڑھتا/پڑھتی ہوں۔



Butterfly

# دیباچہ

بہت ساری، مزے مزے کی، نظمیں اور کہانیاں۔

پھران کے ساتھ کرنے کی اچھی سی سرگرمیاں۔ واہ بھئی واہ! مزہ ہی آجائے گا۔

اچھا پہلے کیا سننا ہے نظم یا کہانی؟ تو ٹھیک ہے پہلے کہانی سن لیتے ہیں۔

کون سی؟ بادل والی؟

وہ تو آپ کو خود پڑھنے میں زیادہ مزہ آئے گا۔ تو پھر حضرت اسماعیل والی؟

ہاں ہاں وہ تو قرآن سے لی گئی سچی کہانی ہے۔

اچھا تو یہ تو ہوگئی ایک پرانی مگر اسلامی کہانی، اب کوئی اچھی سی نظم پڑھتے ہیں۔

بھئی نظمیں تو ساری ہی مزے کی ہیں اور سرگرمیوں کی تو کیا ہی بات ہے۔

نظم، مضمون اور کہانی لکھنا آجاتا ہے۔ تو پھر سرگرمی کر لیتے ہیں۔

ہاں یہ ٹھیک ہے۔ لیکن ذرا ٹھہریں۔

پہلے ساری کتاب تو ایک نظر دیکھ لیں نا۔



Butterfly

# فہرست


1. حمد 01
2. ایک تھی چڑیا 06
3. انوکھا خیال 11
4. ڈولی 22
5. تتلی کی پہیلی 30
6. دو پہاڑیاں 36
7. ککڑوں کوں 41
8. میں تمہیں کھا جاؤ نگا 47
9. وہ کون تھا؟ 55
10. آہا آہا نکلا چاند 60
11. میرا دوست بادل 66


Butterfly



Butterfly

# سوچو سمجھو

آؤ بچو مل کر بیٹھو — سوچو سمجھو اور پھر بولو
کس نے ہیں یہ پھول سجائے — کون ہے جو ہریالی لائے
فلک کو کس نے ہے تانا — کون بھلا ہے اتنا دانا
ننھی منی سی یہ چیونٹی — بڑے بڑے سے ہیں یہ ہاتھی
کون ہے جو ان سب کو کھلائے — جنگل ہیں یہ کس نے بسائے
چاند، سورج اور یہ تارے — کس کے حکم سے روشن سارے
جو چلائے جگ کا نظام — بوجھو کیا ہے اس کا نام

بوجھیے اور لکھیے ____________

Butterfly



تفہیم

خالی جگہیں پُر کیجیے۔

۱۔ کِس نے ہیں یہ ________ سجائے

کون ہے جو ________ لائے

۲۔ کون ہے جو اِن سب کو ________

________ ہیں کِس نے بسائے

۳۔ ________ اور یہ تارے

کِس کے حکم سے ________ سارے

الفاظ سازی

## حرف



چڑیا اور طوطا پرندے ہیں۔
چڑیا کی آواز = چوں چوں چوں اور
طوطے کی آواز = ٹیں ٹیں ٹیں ہے۔ بالکل اسی
طرح ہر حرف کی ایک الگ آواز ہوتی ہے،
مثلاً: س-ا-تھ-ی ساتھی۔

Butterfly

دیے گئے حروف کے چارٹ کو اپنی کاپی میں نقل کیجیے اور ان کی آوازوں کی مشق کیجیے۔

## ہلکی آوازیں

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ت | ٹ | ث | ج | چ | ح | خ |
| د | ڈ | ذ | ر | ڑ | ز | ژ | س | ش |
| ص | ض | ط | ظ | ع | غ | ف | ق | ک |
| گ | ل | م | ن | و | ی | ے | | |

نیچے دیے گئے الفاظ کے حروف الگ کر کے لکھیے۔ ان کی آوازیں بھی ادا کیجیے۔

آپ کی آسانی کے لیے ایک مثال دی گئی ہے۔

| الفاظ | | الفاظ | |
|---|---|---|---|
| فلک | ف ل ک | نِظام | ________ |
| پنچھی | ________ | بسائے | ________ |
| ہریالی | ________ | حکم | ________ |
| دانا | ________ | بوجھو | ________ |

Butterfly




# اسم

ہر چیز کا ایک نام ہوتا ہے۔
جیسے احمد، ہاتھی، سورج، چاند، تارے۔
چیزوں کے ناموں کو اسم کہتے ہیں۔

ایسے الفاظ پر دائرہ لگائیے جو کسی چیز کا نام ہیں۔

کِس نے ہے یہ پھُول سجائے
فلک کو ہے کِس نے تانا



ننّھی مُنّی سی یہ چیونٹی
بڑے بڑے سے ہیں یہ ہاتھی



چاند اور سُورج اور یہ تارے
کِس کے حُکم سے روشن سارے

کمرے میں موجود پانچ اسم لکھیے۔

Butterfly

تخلیقی لکھائی

# ہم قافیہ الفاظ

سوچو، سمجھو، بولو، ان الفاظ کو بو لیے۔ آپ کو پتا ہی ہے کہ ان سب الفاظ کے آخر میں ایک جیسی آواز ہے (او)۔ تو ایسے الفاظ جن کے آخر میں ایک جیسی آواز ہو انھیں 'ہم قافیہ' الفاظ کہتے ہیں۔

نظم کے پہلے شعر میں سوچو، سمجھو اور بولو 'ہم قافیہ' الفاظ ہیں۔ اب آپ ہر شعر کو پڑھیے اور اس میں دیے گئے 'ہم قافیہ' الفاظ اپنی کاپی میں لکھیے۔ نیچے ایک مثال دی گئی ہے۔



کِس نے ہیں یہ پھول سجائے — سجائے

کون ہے جو ہریالی لائے — لائے



Butterfly

# ایک تھی چڑیا

بہت پُرانی بات ہے۔ رسول اللہ ﷺ
کی مسجد میں ایک چڑیا کا گھونسلہ تھا۔
ایک دن چڑیا کے بچوں نے پوچھا،
''ماں تم نے یہاں گھونسلہ کیوں بنایا؟''
چڑیا بولی، ''تاکہ میں رسول اللہ ﷺ
کے پاس رہ سکوں۔'' بچوں نے
پوچھا، ''کیوں؟''



Butterfly

چڑیا بولی، ’’جب میں چھوٹی تھی۔ ہم یہاں سے بہت دور رہتے تھے۔ ایک دن ایک آدمی نے ہم بچوں کو گھونسلے سے نکال لیا۔ ہم بہت روئے لیکن اسے رحم نہ آیا۔ وہ ہمیں یہاں لے آیا۔ ہم ڈر کر رو رہے تھے۔‘‘

رسول اللہ ﷺ ہماری بات سمجھ گئے۔

انھوں نے فوراً حکم دیا، ’’انھیں واپس چھوڑ آؤ۔‘‘

’’ہمیں دیکھ کر ماں کو سکون آیا۔ اُسی دن میں نے سوچا کہ اپنا گھونسلہ یہاں ہی بناؤں گی۔‘‘ بچوں نے شوق سے پوچھا،

’’ماں رسول اللہ ﷺ کہاں ہیں؟‘‘

چڑیا بولی، ’’تم ابھی چھوٹے ہو۔ اُڑنا سیکھو پھر اُن کے پاس جانا اور اچھّی اچھّی باتیں سننا۔‘‘

بچّے یہ سُن کر خوشی سے پَر پھڑ پھڑانے لگے۔



Butterfly



تفہیم

سبق ایک بار پڑھیے اور دیے گئے جملوں کو مکمل کیجیے۔

۱۔ ماں تم نے یہاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیوں بنایا؟

۲۔ چڑیا بولی تاکہ میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے پاس رہ سکوں۔

۳۔ ایک دن ایک آدمی نے ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو گھونسلے سے نکال لیا۔

۴۔ ہمیں دیکھ کر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو سکون آیا۔

۵۔ بچے یہ سُن کر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے پَر پھڑ پھڑانے لگے۔

نیچے دیے گئے خانوں میں الفاظ تلاش کیجیے اور ان کے گرد دائرہ بنائیے۔




| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| چھ | ت | خ | ر | د |
| و | آ | کھ | م | چ |
| ٹ | د | ج | س | ڑ |
| ے | م | و | ج | یہ |
| ہ | ی | ر | د | ا |

Butterfly



الفاظ سازی

# بھاری آوازیں

بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ دھ ڈھ

رھ ڑھ کھ گھ لھ مھ نھ

پانچ بھاری آوازوں سے شروع ہونے والے الفاظ لکھیے۔



گرامر

## جملے

الفاظ جوڑ کر جملے بنائے جاتے ہیں۔ ہر جملے میں کوئی نہ کوئی بات بتائی یا پوچھی جاتی ہے۔ جیسے ہاتھی سب سے بڑا جانور ہے۔ (بتانا) کون سا جانور سب سے بڑا ہے؟ (پوچھنا) ایسے جملے جن میں کوئی بات بتائی جائے ان کے آخر میں ختمہ (۔) آتا ہے۔ ایسے جملے جن میں کوئی بات پوچھی جائے ان کے آخر میں سوالیہ نشان (؟) آتا ہے۔

نیچے دیے گئے جملے غور سے پڑھیے۔ جن جملوں میں کوئی بات بتائی گئی ہے ان میں ختمہ (۔) اور جن میں کوئی بات پوچھی گئی ہے ان کے آخر میں سوالیہ نشان لگایئے۔

۱۔ یہ ایک مسجد ہے ☐

۲۔ رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں ایک چڑیا کا گھونسلہ تھا ☐

۳۔ بچے بہت کیوں روئے تھے ☐ ۴۔ کہانی کس نے سنائی تھی ☐

۵۔ اچھی باتیں سننا اچھا ہوتا ہے ☐ ۶۔ آج کون سا دن ہے ☐

Butterfly

# کہانی سمجھیے

کہانی سننا اور پڑھنا سب کو اچھا لگتا ہے۔ پر اس سے بھی مزے دار کام ہوتا ہے کہانی لکھنا۔ کہانی لکھنے کے لیے کہانی کو سمجھنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ آیئے آج ہم کہانی کو سمجھتے ہیں۔ ہر کہانی کا ایک نام ہوتا ہے۔ اس کو 'عنوان' کہتے ہیں۔ ہر کہانی کے تین حصے ہوتے ہیں۔ آغاز، درمیان اور اختتام۔ یہ حصے ہمیں بتاتے ہیں کہ پہلے کیا ہوا؟ بعد میں کیا ہوا اور آخر میں کیا ہوا؟

آپ نے چڑیا کی جو کہانی پڑھی ہے اس کو دوبارہ پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔



۱۔ اس کہانی کا عنوان کیا ہے؟

۲۔ کہانی میں کون کون تھا؟




دیے گئے کہانی کے آغاز، درمیان اور اختتام کو ترتیب دے کر لکھیے۔

☆ کہانی سننے کے بعد چڑیا کے بچوں کو بھی رسول اللہ ﷺ کو دیکھنے کا شوق ہوا۔

☆ رسول اللہ ﷺ نے فوراً حکم دیا، ''واپس چھوڑ آؤ انھیں۔''

☆ ایک آدمی نے چڑیا کے بچوں کو گھونسلے سے نکال لیا۔

☆ بچے بہت روئے پر اس آدمی کو رحم نہ آیا۔

Butterfly

# انوکھا خیال



راجُو چُوہے کا کوئی دوست نہ تھا وہ اداس رہتا تھا۔ اُس نے دوسرے چُوہوں کو کھیلتے دیکھا تو ہاتھ اوپر کیے اور زبان باہر نکالی۔ اے ے ے۔۔۔

مگر کوئی اس کا دوست نہ بنا۔



Butterfly





Butterfly

راجُو نے سب کو اپنی نئی سائیکل کی سواری بھی کرنے کو دی۔

پھر بھی کوئی اُس کا دوست نہ بنا۔



Butterfly

اُسے ایک خیال آیا، ’’کیوں نہ میں ایک عجائب گھر بناؤں !! جہاں سب کو پُرانی چیزیں دکھاؤں؟‘‘ اس نے اپنے گھر کا باغ خالی کیا۔



وہ مامی ماگی کے پاس گیا اور ماموں ماگا کی تصویر لے آیا۔ ماموں نے ایک بار دو کتّوں سے لڑائی کی تھی۔




Butterfly

وہ چوُہوں کے تھانے گیا اور باگڑ بلّے کی تصویر لایا۔

جِس نے چار چوُہوں کو کھایا تھا۔



Butterfly

وُہ قصائی کی دکان سے ایک ہڈّی لایا جو درخت کی طرح کی تھی۔




Butterfly

اپنے عجائب گھر میں اس نے چوُہے دان بھی رکھا اور اس پر لکھا،

''خطرہ!! خبردار، ہوشیار!''



عجائِب گھر بہت اچھا لگ رہا تھا۔ راجُو چوُہا سڑک پر گیا اور آواز لگائی۔

''آؤ اور چوُہوں کا عجائِب گھر دیکھو! آؤ اور پرانی چیزیں دیکھو، آؤ اور مزے کرو۔''

''واہ واہ کیا بات ہے! چوُہوں کا عجائِب گھر،'' سب نے کہا۔

بہت سارے چوُہے آئے۔ راجُو کا گھر دوستوں سے بھر گیا۔ وہ بہت خوش ہوا۔



تفہیم

چوہا عجائب گھر بنانے کے لیے کس کس کے پاس گیا؟ ترتیب سے لکھیے۔

۱ چُوہا باگڑ بلّے کی تصویر لینے تھانے گیا تھا۔

۲ وُہ قصائی کی دُکان سے ہڈّی لینے گیا تھا۔

۳ چُوہا مامی ماگی کے پاس گیا۔

الفاظ سازی

## چھوٹی بڑی شکلیں

حرف کی چھوٹی اور بڑی دو شکلیں ہوتیں ہیں۔ ایک لفظ میں تمام حروف کی چھوٹی شکلیں استعمال ہوتی ہیں۔ سوائے آخری حرف کے جیسے، (ک، ی، ل: کیل) ۔اس لفظ میں ک اور ی کی چھوٹی شکلیں ہیں اور ل کی بڑی شکل ہے۔

حرف جوڑ کر الفاظ بنایئے۔ چھوٹی اور بڑی اشکال کا درست استعمال کیجیے۔

ب ہ ت = ____________

م س ج د = ____________

س م جھ = ____________

س ی ک ھ و = ____________

س ن ن ا = ____________

Butterfly



گرامر

دیے گئے جملوں میں چیزوں کے ناموں کو الگ الگ کالم میں لکھیے ۔



مثال: یہ زینب کی کتاب ہے۔

۱۔ وہ قلم میرا ہے۔





۲۔ احمد کو بھنڈی پسند ہے

۳۔ سڑک پر ایک خرگوش ہے۔

۴۔ وہ کار کالی ہے۔






۵۔ صائمہ کو آلو پسند نہیں۔

۶۔ لاہور شہر بہت خوب صورت ہے۔

۷۔ یہ چھتری کس کی ہے؟

| انسان | چیز | جگہ | جانور |
|---|---|---|---|
| زینب | کتاب | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

Butterfly



تخلیقی لکھائی

کلاس روم میں ایک عجائب گھر بنائیے۔ اس کے لیے آپ اپنے گھروں سے کچھ انوکھی چیزیں لے کر آئیں۔ اپنی لائی ہوئی کسی ایک چیز پر تین جملے لکھیے اور اس کی تصویر بھی بنائیے۔

۱ ________________

۲ ________________

۳ ________________

Butterfly

# ڈولی

باغ میں سب مزے سے کھیل رہے تھے۔
کوئی تیز تیز بھاگ رہا تھا۔تو کوئی پھولوں
پر اُڑ رہا تھا۔ڈولی کا دل چاہ رہا تھا کہ
وہ بھی کھیلے۔مگر نہ ہی اُس کی لمبی ٹانگیں
تھیں کہ وہ بھاگ سکے اور نہ ہی پر تھے کہ
وہ اُڑ سکے۔ ’’میں بہت سُست ہوں،
جب ہی میرا کوئی دوست نہیں۔‘‘



Butterfly

ڈولی نے اُداسی سے سوچا۔ وُہ رونے لگی۔

روتے روتے اُس پر ایک جِھلّی بنی اور وہ اُس میں سوگئی۔

’’شاید سُست ڈولی مرگئی ہے،‘‘ ایک ٹڈّی نے شہد کی مکّھی سے کہا۔

ڈولی کافی دن سوتی رہی۔ سب سمجھے وہ مرگئی ہے۔



Butterfly

پھِر بہار کا موسم آیا۔ درختوں پر پتّے آئے۔ نئے نئے پھُول کِھلے۔

اچانک ڈولی کی آنکھ کھُلی۔ اس نے جِھلّی ہٹائی اور باہر آ گئی۔

''ارے یہ اِتنے خوُب صوُرت پر کہاں سے آ گئے؟'' وُہ خوشی سے بولی۔



Butterfly

اُس نے اپنے پَر کھولے، بند کیے۔ اُسے بہت اچّھا لگا۔
ڈولی حیران رہ گئی۔ اب وہ ایک خوُب صوُرت تِتلی بن گئی تھی۔
ڈولی بہت خوش تھی۔ کیوں کہ اب سَب اُس کے دوست بن گئے تھے۔




Butterfly

تفہیم

درست جوابات پر (✓) نشان لگائیے۔

بہار کے موسم میں کیا کیا ہوتا ہے؟



(۱) درختوں سے پتّے گِرتے ہیں۔

(۲) درختوں پر پتّے آتے ہیں۔

(۳) نئے پھول کِھلتے ہیں۔

(۴) پھول مُرجھا جاتے ہیں۔

(۵) تِتلی پھولوں پر آتی ہے۔

(۶) تِتلی سو جاتی ہے۔

مکمل تِتلی بننے کے مرحلے ترتیب سے لکھیے۔



جِھلّی میں سو جاتی ہے۔

سُنڈی جیسی بن جاتی ہے۔

جِھلّی سے باہر نکل کر
رنگ برنگی تِتلی بن جاتی ہے۔

تِتلی انڈ دیتی ہے۔

Butterfly

الفاظ سازی

# پہلی لمبی اور چھوٹی آواز

## لمبی آواز

’ا‘ ایک مصوتہ ہے۔’ا‘ کی آواز لفظ ’گھوڑا‘ کے آخر میں آتی ہے۔ لفظ ’آم‘ کے شروع میں بھی ’ا‘ کی آواز ہے۔ ’آ‘ ایک لمبی آواز ہے۔ جب یہ کسی لفظ کے شروع میں آئے تو ’مد‘ کے ساتھ لکھی جاتی ہے، ایسے ’آ‘۔ لیکن اگر کسی کے لفظ کے درمیان یا آخر میں آئے تو مد نہیں آتا جیسے ’بات‘ اور ’گھوڑا‘۔

## چھوٹی آواز

’ا‘ جیسی ایک چھوٹی آواز بھی ہوتی ہے۔ وہ آواز ہے (َ) زبر کی۔ زبر کی آواز چھوٹی ہے۔ ’آ‘ کی آواز ادا کرتے ہوئے آپ کا پورا منہ کھلا ہوتا ہے۔ جبکہ زبر کی آواز میں ایسا نہیں ہوتا۔’ا‘ کی آواز کو آپ کھینچ کر ادا کرتے ہیں جبکہ زبر کی آواز کو جھٹکے سے ادا کرتے ہیں۔ جیسے: بال۔ بلُ

اب دیے گئے الفاظ کو پڑھیے اور ’آ‘ اور زبر کی آواز کے فرق کو جانیے۔

| | |
|---|---|
| تَل | تال |
| پَل | پال |
| بَل | بال |
| چَل | چال |
| جَل | جال |
| دَل | دال |
| حَل | حال |
| کَل | کال |
| مَل | مال |
| گَل | گال |

Butterfly




گرامر

## واحد جمع


کسی ایک چیز کو 'واحد' اور دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو جمع کہتے ہیں۔

اگر کسی نام کے آخر میں 'ا' ہو تو ان کے آخر میں ''ے'' لگا دینے سے لفظ واحد سے جمع بن جاتا ہے۔ جیسے، لڑکا سے لڑکے۔

نیچے دیے گئے اسموں سے 'ے' لگا کر جمع بنائیے۔







| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| گدھا | ______ | گھوڑا | ______ |
| چوہا | ______ | طوطا | ______ |
| ڈنڈا | ______ | مٹکا | ______ |

## 'ہے' اور 'ہیں' کا استعمال

دیے گئے جملے پڑھیے۔ • یہ ایک گھوڑا ہے۔ • یہ چار گھوڑے ہیں۔

اب ذرا 'ہے' اور 'ہیں' پر غور کیجیے۔ پہلے جملے میں 'ایک گھوڑا' کہا گیا تو آخر میں 'ہے' آیا۔ دوسرے جملے میں چار گھوڑے کہا گیا تو 'ہیں' لگایا گیا۔ یعنی واحد لفظ کے ساتھ جملے میں 'ہے' استعمال ہوتا ہے اور جمع لفظ کے ساتھ 'ہیں' استعمال کیا جاتا ہے۔

'ہے اور 'ہیں' لگا کر جملے مکمل کیجیے۔





۱۔ یہ کتاب میری ______۔

۲۔ گھوڑا تیز بھاگتا ______۔



۳۔ مٹکے مٹی سے بنتے ______۔



۴۔ یہ سائیکل میری ______۔



۵۔ طوطے باتیں کرتے ______۔

butterfly

# کہانی کا ماحول

کہانی میں جس جگہ کی بات کی جارہی ہو، وہ جگہ اس کہانی کا ماحول ہوتا ہے۔ جیسے: گھر، بازار، سمندر اور چڑیا گھر وغیرہ۔ کسی ایک کہانی میں ایک سے زیادہ ماحول ہو سکتے ہیں۔


آپ نے اب تک جو کہانیاں پڑھیں ہیں بتایئے وہ کہانیاں کہاں پیش آئیں؟



☆ ایک تھی چڑیا



☆ انوکھا خیال



☆ ڈولی

Butterfly

# تتلی کی پہیلی



پَر ہیں اس کے رَنگ رنگیلے
اُجلے اُجلے زرد اور پیلے

ہاتھ کِسی کے آئے نہ
مات کِسی سے کھائے نہ

باغ میں روز وہ جاتی ہے
گیت خوشی کے گاتی ہے

تم سب سے، ہے وُہ سیانی
پُھولوں کی ہے وُہ رانی

پَر کو جھکا کر سَر کو اُٹھا کر
تِتلی بولی یوں اِٹھلا کر

تم سب کی ہے وہ سہیلی
بُوجھو یہ ہے ایک پہیلی

Butterfly



سَر جوڑ کے بیٹھے چاروں یار
کرنے لگے وہ سوچ بِچار

مُنہ کو کھولا پَر کو تولا
بُوجھ لیا لو، اُلّو بولا

نرم و نازُک ایک کلی سی
تم خود ہی ہو یہ تِتلی جی

سب نے مل کر ہانک لگائی
پھِر تِتلی جی خُوب شرمائی

Butterfly

تفہیم

خالی جگہیں پر کیجیے۔

۱۔ پَر ہیں اُس کے ________ ________

________ ________ زرد اور نیلے

۲ تُم سب کی وہ ________ ہے

بُوجھو یہ ایک ________ ہے۔

۳ نَرم و نازک اور اِک ________سی

تُم خود ہی ہو یہ ________ جی



سرگرمی:

تتلی کی تصویر بنائیے اور رنگ بھریئے۔

Butterfly

# دوسری لمبی اور چھوٹی آواز

’ا‘ کی لمبی آواز اور زبر(ـَ ) کی چھوٹی آواز کی طرح ’ی‘ کی آواز، ایک لمبی آواز ہے اور زیر(ـِ )اس کے جیسی چھوٹی آواز ہے۔
’ی‘ کی آواز کھینچ کر ادا کرتے ہیں جیسے ’چیل‘ اور (ـِ ) کی آواز کو جھٹکے سے ادا کرتے ہیں جیسے، چِل۔

اب دیے گئے الفاظ کو پڑھیے اور لمبی اور چھوٹی آواز کی مشق کیجیے۔


تیل تِل    ریل رِل    ہیل ہِل

خیل خِل    کیل کِل    سیل سِل

چیل چِل    میل مِل    فیل فِل

دیل دِل    نیل نِل    شیل شِل

Butterfly



Butterfly

آپ نے نظم تتلی کی پہیلی پڑھی۔ پہیلیاں بوجھنا ایک مزے کا کام ہے۔ نیچے دی ہوئی پہیلیاں بوجھیے اور مزہ اٹھائیے۔

بھن بھن کرتی آتی ہے
میٹھا رس بناتی ہے

______

چھوٹا سا ایک کیڑا ہے
رات کو روشن ہوتا ہے

______

جنگل میں وہ رہتا ہے
بلّی اس کی خالہ ہے

______

نظم لکھنا مزے کا کام ہوتا ہے۔ اگر آپ بہت ساری نظمیں گا سکتے ہیں۔ تو بس سمجھیے کہ آپ نظم لکھ بھی سکتے ہیں۔



## دی گئی ہدایات پر عمل کر کے نظم مکمل کیجیے۔

باغ میں دیکھی پیاری تتلی
اُجلی اُجلی نیلی پیلی

(اس شعر کو بار بار گائیے)

کلی کلی وہ اُڑتی جائے
______ آئے

(پہلی لائن کو گا کر بولیے اور سوچیے کہ اگلی لائن کیا ہو سکتی ہے۔
دیے گئے ہم قافیہ لفظ سے مدد لیجیے۔ اسی طرح تمام اشعار مکمل کیجیے۔)

میں تو ہر پل یہی چاہوں
______ کھیلوں



بن جائے وہ میری سہیلی
______ آنکھ مچولی



Butterfly

# دو پہاڑیاں

السّلامُ علیکم !

میں ہوں صفا اور یہ ہے مروہ۔

ہم پہاڑیاں مکّہ شہر میں ہیں۔

ہم دونوں مکّہ کے بیچ میں ہیں۔

جی وہی مکّہ جہاں اللہ کا گھر، خانہءکعبہ ہے۔اب مکّہ بہت بڑا شہر ہے۔

مگر پہلے یہاں کوئی نہیں تھا۔ پتہ ہے کیوں؟ یہاں پانی جو نہیں تھا۔ جو یہاں آتا، آگے بڑھ جاتا۔ہمیں بہت افسوس ہوتا۔

Butterfly



ایک دن حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی بیوی بی بی ہاجرہ کے ساتھ آئے ۔ اُن کا ننّھا منّا بچہ بھی ساتھ تھا۔ حضرت ابراہیم اپنی بیوی سے بولے، ''اللہ کا حکم ہے کہ میں تمھیں یہیں چھوڑ دوں ۔'' پھر وہ چلے گئے ۔

گرمی اور پیاس سے بچے کا بُرا حال ہوگیا۔ بی بی ہاجرہ بچے کو لٹا کر پانی کے لیے دوڑنے لگیں۔ وہ سات بار ہم پر چڑھیں ۔ لیکن پانی نہ ملا۔

واپس آئیں تو دیکھا اللہ نے بچے کے پاؤں کے پاس سے ایک چشمہ نکال دیا تھا۔ انھوں نے پانی پیا اور بچے کو بھی پلایا۔ بعد میں بہت سے لوگ پانی دیکھ کر یہیں رہنے لگے ۔ یوں مکّہ شہر آباد ہوگیا۔ اب ہم بہت خوش ہیں ۔

Butterfly



تفہیم

نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

۱۔ دو چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں کے نام کیا ہیں؟

۲۔ دو چھوٹی پہاڑیاں کس شہر کے بیچ میں ہیں؟

۳۔ حضرت ابراہیمؑ مکّہ میں اپنی بیوی اور بچے کو کیوں چھوڑ گئے؟

۴۔ حضرت ہاجرہ کتنی بار صفا اور مروہ پر چڑھیں؟

۵۔ زم زم کے معنی کیا ہیں؟

پانی کے کوئی بھی پانچ فائدے لکھیے نیچے ایک مثال دی گئی ہے۔

جیسے: پانی پینے کے کام آتا ہے۔



۱۔ ________________________

۲۔ ________________________

۳۔ ________________________

۴۔ ________________________


۵۔ ________________________

Butterfly



الفاظ سازی

# دو الفاظ ایک آواز 'ح' اور 'ہ'






نیچے دیے گئے الفاظ کی مشق کاپی میں کیجیے اور اس فہرست میں دو نئے الفاظ لکھیے۔









| ہ | | ح | |
|---|---|---|---|
| ہار | ہمارا | حلوہ | حاصل |
| ہیرا | ہاتھی | حیران | حج |
| ہمالیہ | ______ | حقّہ | ______ |



گرامر

اگر کسی اسم کے آخر میں 'ی' ہو تو اس کے آخر میں 'اں' لگانے سے وہ جمع بن جاتا ہے۔ جیسے لڑکی۔ لڑکیاں

'ے' اور 'اں' لگا کر دیے گئے الفاظ کی جمع بنائیے۔

| الفاظ | جمع | الفاظ | جمع | الفاظ | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| تتلی | ______ | مکھی | ______ | سردی | ______ |
| بکری | ______ | مکڑی | ______ | لوکی | ______ |
| لکڑی | ______ | چھتری | ______ | گرمی | ______ |

Butterfly


تخلیقی لکھائی

## خالی جگہ میں مناسب الفاظ لکھ کر کہانی مکمل کیجیے۔

مچھلی | نہر | لکڑی




ٹونی اپنی ماں کے ساتھ ______ پر گیا۔




نہر میں ایک ______ نظر آئی۔

ٹونی اس کو دیکھنے گیا اور پانی میں گر گیا۔




ماں ایک ______ لے آئی۔

لکڑی ٹونی کو دی۔

اس نے وہ اپنے منہ میں پکڑ لی

اور وہ باہر آ گیا۔

Butterfly

# ککڑ، ککڑ، ککڑوں کوں



بی مرغی نے دیے ہیں انڈے
کچھ سفید کچھ ہیں گندے

ککڑ، ککڑ، ککڑوں کوں
ان کو اپنے پاس رکھوں

کوّے میاں تاک لگائے
کوئی آئے اِس کو بھگائے

پَر کو پھیلاؤں اِن کو چھپاؤں
انڈے اپنے میں نہ دکھاؤں

ککڑ ککڑ، ککڑوں کوں
اب تو یہاں سے میں نہ ہلوں



Butterfly



ہوا مہینہ پورا تمام
ختم ہوا ہے میرا کام

ٹک سے ٹوٹے انڈے گول
نِکلے چوزے گول مٹول

چوں چوں چوں چوں کرتے ہیں
بلّی، چیل سے ڈرتے ہیں

چوزے بولے امّی جان
کیسے بچائیں اپنی جان



Butterfly





ککُڑ، ککُڑ، ککُڑوں کُوں
بلّی چیل سے میں نہ ڈروں

گُر اپنے سِکھلاؤں گی
اپنے جیسا بناؤں گی

صبح سویرے اٹھنا ہوگا
چاق و چوبند بننا ہوگا

مرغی بولی ککُڑوں کُوں
چوزے بولے چُوں چُوں چُوں

Butterfly



تفہیم

دیے گئے سوالوں کے جوابات لکھیے۔

۱۔ چوزوں کو کِن کِن جانوروں سے خطرہ ہوتا ہے؟

۲۔ چاق و چوبند بننے کے لیے کیا کرنا پڑتا ہے؟

الفاظ سازی

## ت یا ط

چڑیا اور چوزے کی آواز چوں چوں ہوتی ہے۔ دیکھنے میں دونوں ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن دونوں کی آوازیں ایک جیسی ہیں بالکل اسی طرح 'ت' اور 'ط' کی آوازیں بھی ایک جیسی ہوتی ہیں، مگر دونوں کی شکلیں الگ الگ ہوتی ہیں۔ کسی لفظ میں 'ت' لکھی جاتی ہے اور کسی میں 'ط'، جیسے: ترازو اور طوطا۔ ایک کی جگہ دوسرا حرف لکھنے سے لفظ غلط ہو جاتا ہے۔

دیے گئے الفاظ میں سے درست الفاظ پر دائرہ لگایئے ایک مثال بھی دی گئی ہے۔

| | |
|---|---|
| تالاب | طالاب |
| تلوار | طلوار |
| تالا | طالا |

| | |
|---|---|
| تاہرہ | طاہرہ |
| توتا | طوطا |
| تالی | طالی |

| | |
|---|---|
| ترف | طرف |
| تتلی | ططلی |
| تربوز | طربوز |



Butterfly



گرامر

ہر جانور اور پرندے کی کوئی نہ کوئی آواز ہوتی ہے، مثلاً، چوزا بولا، ''چوں چوں چوں۔''

نیچے دیے گئے جانوروں کی آوازیں لکھیے۔




مرغی بولی: ______________



بلّی بولی: ______________



کبوتر بولا: ______________



طوطا بولا: ______________




بکری بولی: ______________

Butterfly

## تخلیقی لکھائی

جانوروں کی آوازوں پر نظم لکھیے۔





مرغی بولی ککڑوں کوں
بلی چیل سے میں نہ ڈروں


بلی بولی میاؤں میاؤں
چوہے میاں کو ________



کبوتر بولے غوں غوں
________________



طوطا بولے ________
________________



بکری بولے ________
________________

Butterfly



''سارے مرغے اور مرغیاں بے وقوف ہوتے ہیں،
اور مزے دار بھی! مجھے آج رات کسی ایسے ہی
بے وقوف کو کھانا چاہیے۔''   لومڑ نے سوچا۔

# میں تمہیں کھاؤں گا



اس کو ایک مرغا نظر آیا۔ مرغا اپنے رہنے کی جگہ دیکھ رہا تھا۔ مرغا بڑا ذہین تھا۔

لومڑ نے مرغے سے کہا، ''تم میرے غار میں آ جاؤ۔ تم کو وہ بہت پسند آئے گا۔''

مرغا اس کی چالاکی سمجھ گیا اور بولا، ''کیا میں اپنے دوست کو بھی لے آؤں؟''

لومڑ نے خوشی خوشی ہاں کر دی اور سوچا، ''ہاہاہا! اس کے دوست کو ناشتے میں کھا لوں گا۔''



اگلے دن مرغا ایک بڑے سے ڈبے کے ساتھ آیا اور بولا،

''اس میں میرا دوست ہے۔ وہ شرماتا بہت ہے۔ غار کے اندر ہی وہ باہر آئے گا۔تم ذرا باہر انتظار کرو۔''

وہ ڈبہ لے کر غار کے اندر گیا، اور زور زور سے بولا، ''بھئو بھئو بھئو بھئو۔ مجھے ایک لومڑ کی خوشبو آرہی ہے اور بھوک بھی بہت لگی ہے۔''



بھئو بھئو ۔۔۔۔۔اندر آ جاؤ لومڑ، میں تمھیں کھاؤں گا!!’’

لومڑ ایسا ڈرا۔۔۔۔۔ایسا ڈرا کہ وہاں سے نکل بھاگا۔

یوں مرغا اس کے غار میں مزے سے رہنے لگا۔



تفہیم

دو کالم بنایئے ایک کالم میں مرغے اور لومڑ کی ایک جیسی چیزیں لکھیے ۔
دوسرے کالم میں دونوں کی مختلف چیزیں لکھیے ۔



۱۔ مرغا جان دار ہے۔
۲۔ مرغے کی دُم ہوتی ہے۔
۳۔ مرغے کی دو ٹانگیں ہوتی ہیں ۔
۴۔ مرغے کے پر ہوتے ہیں ۔
۵۔ مرغا دانا کھاتا ہے۔
۶۔ مرغے کی چونچ ہوتی ہے۔

۱۔ لومڑ جان دار ہے۔
۲۔ لومڑ کی دُم ہوتی ہے۔
۳۔ لومڑ کی چار ٹانگیں ہوتی ہیں ۔
۴۔ لومڑ کے بال ہوتے ہیں ۔
۵۔ لومڑ گوشت کھاتا ہے۔
۶۔ لومڑ کے تیز دانت ہوتے ہیں ۔

الفاظ سازی

'س' 'ص' اور 'ث' کی آوازیں ایک ہی ہیں۔لیکن شکلیں الگ الگ ہیں۔الگ الگ الفاظ میں استعمال ہوتے ہیں۔یک کی جگہ دوسرا حرف لکھیں تو لفظ غلط ہو جاتا ہے۔

نیچے دیے گئے الفاظ کی مشق کیجیے۔

**ث**

ثمر ________

ثمن ________

ثابت ________

مثال ________

**س**

سات ________

ساتھی ________

سانپ ________

سوال ________

**ص**

صراحی ________

صندوق ________

صبر ________

ناصِر ________




جانور دو طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جنہیں ہم پال سکتے ہیں۔ یہ پالتو جانور کہلاتے ہیں دوسری قسم کے جانور جنگل میں رہتے ہیں۔ یہ جنگلی جانور کہلاتے ہیں۔

نیچے دیے گئے جانوروں کے ناموں میں سے پالتو اور جنگلی جانوروں کو درست فہرست میں لکھیے۔

کتّا
شیر
خرگوش
بھیڑیا
چیتا
ہاتھی
مرغی
بکری
بھیڑ
ریچھ
بلّی
لومڑ

| پالتو | جنگلی |
|---|---|
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |

تخلیقی لکھائی

اپنے پسندیدہ پالتو جانور کی تصویر لگائیے
اور اُس کے متعلق ۵ جملے لکھیئے ۔



# وہ کون تھا؟




ایک کُتّا بہت بھوکا تھا۔ اس کو ایک بڑی
اور مزے دار ہڈّی ملی۔ وہ ہڈّی کو مُنہ میں دبا کر اپنے گھر کی طرف چل دیا۔ راستے
میں ایک جھیل آئی۔ جھیل پر ایک چھوٹا سا پُل تھا۔ اس نے پُل سے نیچے دیکھا۔
اُسے لگا کوئی دوسرا کُتّا پل کے نیچے ہے۔ اس کے منہ میں اس سے بھی اچھی ہڈّی
ہے۔ اس کے دل میں لالچ آ گئی۔ اُس نے سوچا، ''کیوں نہ اس کی ہڈّی بھی
میں لے لوں۔'' وہ رک گیا۔



Butterfly

نیچے والا کتا بھی رک گیا۔ اس نے دوسرے کتے کو گھورا۔ وہ بھی گھورنے لگا۔
اس کو غصہ آ گیا۔

دوسرا کُتّا بھی غصہ کرنے لگا۔ وہ غرایا۔ دوسرا کُتّا بھی غرایا۔ جیسے ہی اس نے بھونکنے کے لیے منہ کھولا، اس کے منہ سے ہڈّی نکل کر نیچے پانی میں گر گئی۔ تب اس کو پتہ چلا کہ وہ کون تھا؟ وہ تو پانی میں اس کا عکس تھا۔ جسے وہ کوئی دوسرا کُتّا سمجھا تھا۔ پر اب کیا ہو سکتا تھا۔
ہڈّی تو پانی میں گر گئی۔ وہ منہ لٹکا کر
وہاں سے چل دیا۔







تفہیم

دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

۱۔ کتے کو کیا چیز ملی تھی؟

۲۔ کتے کو پانی میں کیا نظر آیا؟

۳۔ جب کتے نے منہ کھولا تو کیا ہوا؟

الفاظ سازی

## حرف چار پر آواز ایک

ذ، ز، ض، ظ چار الگ الگ حروف ہیں ان چاروں کی آواز ایک ہی ہے۔ الفاظ میں انھیں درست لکھنا چاہیے (جیسے ذرد، زور، ضرب اور ظلم)۔ ایک کی جگہ دوسرا حرف لکھنے سے لفظ غلط ہو جاتا ہے۔



| ذ | ز | ض | ظ |
|---|---|---|---|
| ذات | زخم | ضد | ظفر |
| ذرا | زردی | ضیا | ظالم |
| ذرہ | زمین | ضبط | ظرف |
| ذلت | زبان | ضدی | ظروف |
| ذہن | زمانہ | ضرورت | ظاہر |

Butterfly


گرامر

کتے کو ہڈی کھانا پسند ہے دوسرے جانوروں کی پسندیدہ چیزیں خالی جگہوں میں لکھیے۔



۱۔ طوطا ______ کھاتا ہے۔ (چوری، ہڈی، گھاس)



۲۔ بلی کو ______ پسند ہے۔ (دودھ، پانی، چائے)



۳۔ خرگوش کو ______ بہت پسند ہے۔ (دودھ، گاجر، بوٹی)



۴۔ گھوڑا ______ کھاتا ہے۔ (گھاس، گوشت، کیک)




۵۔ چڑیا ______ کھاتی ہے۔ (دانہ، بوٹی، پھل)

Butterfly

تخلیقی لکھائی

# کرداراور ماحول



شیر کا بچہ



احمد



کبوتر



پارک



جنگل



گھر

دیے گئے کرداراور ماحول کی مدد سے جملے مکمل کر کے اپنی پسند کی کہانی لکھیے۔

## پلاٹ

۱۔ ________ (کردار) ________ (ماحول) میں بور ہو رہا تھا۔

۲۔ ________ (کردار) نے سوچا کچھ ایسا کرنا چاہیے کہ مزہ آ جائے۔

۳۔ اتنے میں اس کو ایک گول چیز نظر آئی، وہ ایک فٹ بال تھی۔

۴۔ ________ (کردار) اس کے پاس گیا اور زور سے اس کو دھکا دیا وہ لڑھک گئی۔

۵۔ ________ (کردار) کو مزہ آیا۔

۶۔ یوں ________ (ماحول) میں سب نے مل کر فٹ بال کھیلی۔



Butterfly

# آہا آہا نکلا چاند

آہا آہا نِکلا چاند
کیسا اچھا پیارا چاند

دِن کی طرح سے رات بھی چمکی
روشنی لے کر آیا چاند

آہا آہا نِکلا چاند
کیسا اچھا پیارا چاند

اپنی رات اور اپنے تارے
اپنی چاندنی، اپنا چاند

Butterfly



آہا آہا نِکلا چاند
کیسا اچھا پیارا چاند

رات آئی اور چمکے تارے
بیچ میں ان کے چمکا چاند

آہا آہا نِکلا چاند
کیسا اچھا پیارا چاند

یہ شے میری وہ شے تیری
چاند ہے لیکن سب کا چاند

آہا آہا نِکلا چاند
کیسا اچھا پیارا چاند

Butterfly

تفہیم

خالی جگہوں پر صحیح الفاظ لکھیے۔

(تارے، سورج، چاند)

آہا آہا نکلا ________

(روشنی، دھوپ، رات)

دن کی طرح ________ بھی چمکی

(سارے، تارے، بلب)

رات آئی اور چمکے ________

(پیارا، ہمارا، نیارا)

کیسا اچھا کیسا ________ چاند

Butterfly

نیچے دیے گئے خانوں میں الفاظ تلاش کیجیے۔




| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| چ | ر | ا | ت | پ | ت |
| ا | ٹ | ث | و | و | ا |
| ن | ع | ل | خ | ت | ر |
| د | ف | ح | گ | ز | ے |
| ڑ | ق | ز | ہ | ل | م |
| س | و | ر | ج | ب | غ |
| چ | م | ک | ا | ش | ن |

الفاظ سازی

## 'ق' اور 'ک'

دونوں حرف الگ ہیں اور آوازیں بھی الگ۔ بہت سے لوگ انہیں صحیح نہیں بولتے۔ ہمیں چاہیئے کہ انہیں صحیح طرح بولیں اور لکھیں۔

سرگرمی

گتّے سے چاند اور تارے بنائیے اوپر چمکیلا کاغذ چپکائیے۔

نیچے دیے گئے الفاظ کی مشق کریں۔







Butterfly

گرامر

# صفت

بعض لفظ ہمیں بتاتے ہیں کہ کوئی چیز کیسی ہے ایسے لفظوں کو صفت کہتے ہیں جیسے!
اونچا، ہرا بھرا اور گھنا درخت۔ اس میں اونچا، ہرا بھرا اور گھنا صفت ہیں۔


نیچے دیے گئے جملوں میں صفت پر دائرہ لگایے۔ایک مثال دی گئی ہے۔

۱۔ احمد کے دانت بہت صاف ہیں۔



۲۔ چوزا روئی کی طرح نرم ہے۔

۳۔ طوطے کا رنگ ہرا ہے۔



۴۔ زرافہ بہت لمبا ہے۔



۵۔ آسمان نیلا ہے۔

Butterfly

تخلیقی لکھائی


ہر کہانی کے تین حصّے ہوتے ہیں۔ آغاز، درمیان اور انجام یا اختتام۔ نیچے ایک تصویری کہانی دی گئی ہے۔
ان تصاویر میں کہانی کا آغاز اور انجام بتایا گیا ہے۔

آپ دیے گئے سوالوں اور تصویر کی مدد سے کہانی لکھیے۔




Butterfly

# میرا دوست بادل



حارث کی امی نے اس کو کھانا دیا وہ مزے سے
اپنے چاول اور پالک کھا رہا تھا کہ اچانک اس نے
دیکھا کہ اس کے کمرے سے سفید سفید بھاپ نکل
رہی ہے۔

باب 11

Butterfly



وہ اپنے کمرے میں گیا اور آہستہ سے
دروازہ کھولا۔ کمرے میں ایک بڑا سا بادل تھا۔

Butterfly



''السلام علیکم''! بادل نے مسکرا کر کہا۔ باہر گرمی ہے
کیا میں تھوڑی دیر تمہارے کمرے میں رہ سکتا ہوں؟''
اس نے پوچھا۔

''ہاں ضرور،'' حارث نے جواب دیا۔

Butterfly

’’میں پیاسا ہوں،‘‘ بادل نے کہا۔
حارث جلدی سے بولا، ’’میں تمہارے لیے
ایک گلاس پانی لاتا ہوں۔‘‘
بادل مسکرایا اور بولا، ’’چلو جھیل پر چلتے ہیں۔‘‘



Butterfly



حارث اور بادل جھیل پر گئے۔
بادل جھیل کا سارا پانی پی گیا۔ اب وہ
موٹا تازہ اور سرمئی لگ رہا تھا۔
پھر وہ دونوں گھر واپس آ گئے۔

Butterfly



Butterfly

''کیا تم میرے ساتھ نہاؤ گے؟'' حارث نے بادل سے پوچھا۔

''نہیں میں نہاتا نہیں، نہلاتا ہوں،'' بادل نے جواب دیا

پھر بادل نے حارث پر بارش کر دی۔ حارث کو بڑا مزہ آیا۔



شام میں وہ دونوں باہر گئے۔ حارث اپنے کچھوے
کے تالاب کے لیے گڑھا کھودنے لگا۔

''ارے یہ کام مجھے کرنے دو'' بادل نے کہا۔

بادل زمین کے قریب آیا، 'کڑکڑ' کی آواز آئی۔

بجلی چمکی اور زمین پر گری۔

یوں کچھوے کا تالاب تیا ہوگیا۔

Butterfly



''رات ہوگئی ہے، گھر جانے کا وقت ہوگیا ہے۔''

بادل نے کہا۔اس نے حارث کو ہاتھ ہلایا۔

حارث نے بھی ٹاٹا کیا۔اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔



تفہیم

نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

۱ حارث کے کمرے میں کیا تھا؟

۲ بادل نے گڑھا کیسے بنایا؟

۳ بادل نے گلاس میں پانی کیوں نہیں پیا؟

۴ اپنے تین اچھے دوستوں کے نام لکھیے؟

نیچے دیے گئے الفاظ کو صحیح ترتیب سے لکھیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| د | ل | ب | ا | |
| پ | ا | بھ | | |
| ر | ب | ا | ش | |
| ڑ | ھ | گ | ا | |

Butterfly

# حرف کی مختلف آوازیں

'ب' کی آواز تو آپ جانتے ہی ہیں۔ لیکن آپ کو پتہ ہے کہ کچھ حروف کی آوازیں ایک سے زیادہ ہو سکتی ہیں۔ جیسے 'وُ' کی آواز۔ 'وُ' کی ایک آواز آتی ہے، 'سوچو' میں۔ وہ ہے (او)۔ 'وُ' دوسری آواز 'بوجھو' میں بھی آتی ہے، وہ ہے (اُو)۔ تیسری کو آواز ' ن' میں آتی ہے، وہ ہے (اَو)۔ چوتھی یا آخری آواز 'وہ' میں آتی ہے وہ ہے (وَ)۔

نیچے دیے گئے او، اوُ، اوَ کے الفاظ اپنی کاپی میں نقل کیجیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| و (او) : | بیٹھو | سوچو | سمجھو | بولو | سیکھو |
| وُ (اوُ): | بوُجھو | چوُہا | جھوُلا | سوُرج | پھوُل |
| وَ (اوَ): | کوَن | نوَ(۹) | روَشن | حوَض | فوَجی |
| و (و): | وہ | ہوا | وقت | ورق | آواز |

Butterfly




# ضد

کالا اور سفید
دو الفاظ ہیں۔ 'کالا' 'سفید' کا اور 'سفید'
'کالا' کا الٹ لفظ ہے۔ ایسے الفاظ کو متضاد الفاظ
کہتے ہیں۔ جیسے:
اندھیرا، اجالا اور موٹا، دُبلا

الفاظ کو ان کے متضاد الفاظ سے ملایئے۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| رونا | جوڑنا |
| سونا | ہنسنا |
| توڑنا | جاگنا |



| الفاظ | ضد |
|---|---|
| چڑھنا | جانا |
| کہنا | اُترنا |
| آنا | سننا |

نیچے دیے گئے الفاظ کے متضاد الفاظ لکھیے۔


- تیز
- ٹھنڈا
- نرم
- لمبا
- موٹی
- اندھیرا
- کالا
- میٹھا
- اچھا

Butterfly

تخلیقی لکھائی

اپنے سب دوست پر مضمون لکھیے۔

# میرا دوست



نام

عمر

کہاں رہتا ہے۔

کہاں پڑھتا ہے۔

کیوں سب سے اچھا دوست ہے۔

مل جل کر کس طرح رہتے ہیں۔

Butterfly